# ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی 193/2016-17      23 دسمبر، 2016

آئی ڈی ایم ڈی نمبر 1569/14-04-050/2016-17

سبھی شیڈول کمرشیل بینکیں (علاقائی دیہی بینکوں کے علاوہ)

چنندہ پوسٹ آفس

اسٹاک ہولڈنگ کارپوریشن آف انڈیا لمیٹیڈ (ایس ایچ آئی سی ایل)

بی ایس ای اور این ایس ای

ڈپازیٹریز/ ڈپازیٹری شریک کار

محترم/محترمہ!

## ساورن گولڈ بانڈس سروسنگ کے لئے طریقۂ کار۔ رہنما خطوط

ساورن گولڈ بانڈ اسکیم بھارت سرکار کے ذریعہ 30 اکتوبر، 2015 کو شروع کی گئی تھی۔ ساورن گولڈ بانڈس (اب سے ان کو بانڈس کہا جائے گا) گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ، 2006 کے سیکشن 3 اور ریزروبینک کے نظم کے مطابق بھارت سرکار کے ذریعہ گورنمنٹ آف انڈیا اسٹاک کی شکل میں جاری کئے جاتے ہیں۔ اب تک ساورن بانڈس اسکیم 6 مرحلوں میں جاری کی جا چکی ہے۔ ہر مرحلہ پر ریزروبینک کے ذریعہ ''حصولی دفتروں'' کی طرف سے درخواستوں کی پروسیسنگ کے لئے مندرجہ ذیل نوٹیفکیشن جاری کئے جاتے ہیں۔

2- اب تک جاری کئے گئے باڈس کے تجربہ اور اجراء کے لئے نرم رویہ اپنانے وصارفین کو بہتر خدمت فراہم کرنے کے لئے یہ طے کیا گیا ہے کہ ''حصولی دفتروں'' (اگر یہ بانڈس آر بی آئی کی کتابوں میں اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں ہوں) کے لئے ان کے طریقۂ کار کے بارے میں رہنما خطوط جاری کئے جائیں۔ یہ رہنما خطوط ڈپازیٹر/ ڈپازیٹری شریک کار (اگر بانڈ ی ڈی میٹ شکل میں دیں) کے لئے بھی ہیں۔ اس کے ذریعہ ان میں اعتماد بڑھانے اور بانڈس کی سروسنگ سے متعلق کچھ خاص ذمہ داریاں دی گئی ہیں۔

3- یہ پروسیجرل گائیڈ لائنس اینکزر-1 میں دی گئی ہیں۔ یہ رہنما خطوط جی ایس ایکٹ 2006 کے سیکشن (2)29 کے تحت اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ''حصولیدفتروں''، ڈپازیٹریز/ ڈپازیٹری شریک کاروں کو مختلف ساورن گولڈ بانڈ اسکیموں کے تحت جاری بانڈس کی بہتر سروسنگ کے مدنظر جاری کئے جا رہے ہیں جیسے کہ سرکاری سیکوریٹیز میں کام کرنے والے افراد کے لئے رہنما خطوط جاری کئے جاتے ہیں۔ ان رہنما خطوط کی عدم تعمیل ایکٹ کے سیکشن 30 کے تحت مالی جرمانہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

4- یہ رہنما خطوط فوری طور پر عمل میں آجائیں گے۔

آپ کا مخلص

(اے منگلا گری)

چیف جنرل منیجر

اینکزر-I

I- دیباچہ:

ساورن گولڈ باڈس (یہاں ان کو بانڈس کہاجائے گا) بھارت سرکار کے ذریعہ گورنمنٹ آف انڈیا اسٹاک کی شکل میں گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ، 2006 (جی ایس ایکٹ، 2006) کے سیکشن 3 کے تحت مختلف ساورن گولڈ بانڈس اسکیموں کے مطابق جاری کئے جارہے ہیں۔

ہندوستان میں مقیم ہندوستانی شہریوں (جیسا کہ فیما ایکٹ، 1999 کے سیکشن 2(U) اور 2(V) کی تعریف میں بتایا گیا ہے) اوقاف (ٹرسٹ)، خیراتی ادارے، یونیورسٹیوں کوان بانڈس میں سرمایہ کاری (انویسٹمنٹ) کی اجازت ہے۔ یہ بانڈس ''ایک گرام سونا (گولڈ) کی یونٹ میں دستیاب ہوں گے۔ بھارت سرکار کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری نوٹیفکیشن کے تحت محصولی دفتروں کوحصہ داری کی رقم حاصل کرنے کا اختیار دیا جائے گا جب بھی یہ اسکیم جاری ہوگی اس کے طریقۂ کار میں ہدایات ودرخواست پروسیسنگ کے بارے میں ریزروبینک کے ذریعہ بتایا جائے گا۔

II- موزونیت:

2- صارفین کوبہتر سروس مہیا کرانے اور کام کے طریقہ میں لچک کے مفاد میں یہ طے کیا گیا ہے کہ ''حصولی دفتروں'' (جہاں آر بی آئی کتابوں میں یہ بانڈس اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں رکھے جاتے ہیں) اور ڈپازیٹریز ساتھ ہی ساتھ ڈپازیٹری شریک کاروں (جہاں بانڈس ڈیمیٹ شکل میں ہوں) کہ بانڈس کے اجراء میں ذمہ داری کے ساتھ کچھ خاص باتیں اپنائیں۔

3- یہ رہنما خطوط جی ایس ایکٹ، 2006 کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جاری کئے گئے ہیں۔ان کا مقصد ''حصولی دفتروں'' ڈپازیٹری شریک کاروں اور ڈپازیٹریز کوساورن گولڈ بانڈ اسکیموں کے تحت اجراء بانڈس کی سروسنگ کوبہتر بنایا ہے یہ ہدایات اس طرح ہیں جیسا کہ سرکاری سیکوریٹیز کوڈیل کرنے والے افراد و جاری کی جاتی ہیں۔

III- تعریفیں:

ان رہنما خطوط میں جب تک کوئی دوسری ضروریات کا معاملہ نہ ہو۔

(a) ایک ڈپازیٹری شریک کار کا مطلب ہے ایک ایسی اینٹٹی (گروپ) جس کو سیبی (سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا) ریگولیشنس، 1996 کے چیپٹر IV کے تحت سرٹیفکٹ آف رجسٹریشن منظور کیا گیا ہو (ڈپازیٹریز اور شریک کار)

(b) حصولی دفتر (ریسیونگ آفیسر) کا مطلب ہے شیڈولڈ کمرشیل بینکیں، (دیہی بینکوں کے علاوہ)، ایس سی ایچ آئی ایل، مخصوص پوسٹ آفیسز (بھارت سرکار کے ذریعہ نوٹیفائیڈ) اور تسلیم شدہ ایکسچینجز، جیسے نیشنل اسٹاک ایکسچینج آف انڈیا لمیٹیڈ اور بامبے اسٹاک ایکسچینج لمیٹیڈ۔

(c) ڈپازیٹری کا مطلب ہے ایک کمپنی جوکمپنیز ایکٹ، 1956 (1956 کا 1) کے تحت رجسٹرڈ ہو اور جس کو سیبی ایکٹ، 1992 (1992 کا 15) کے سیکشن 12 کے سب سیکشن (1A) کے تحت سرٹیفکٹ آف رجسٹریشن منظور کیا گیا ہو۔

IV- بانڈس سروسنگ کے طریقۂ کار کے رہنما خطوط:

درخواست حصول کے لئے اور دیگر مخصوص نکات (بانڈس کے) کے لئے برائے مہربانی بھارت سرکار کے ذریعہ جاری نوٹیفکیشن اور آپریشنل گائیڈ لائنس کا حوالہ لیں اس کے علاوہ ساورن باڈس کے لئے ریزروبینک کے نوٹیفکیشنس کا بھی حوالہ لیں۔

V- نوڈل برانچیز/دفاتر:

حصولی دفتر اور دوسرے گروپ جو بانڈس کی سروسنگ کی ذمہ داریاں اٹھارہے ہیں وہ اپنے لئے ایک نوڈل آفس/برانچ بانڈس کی سروسنگ کے لئے چن سکتے ہیں۔ آفیسز کی مختلف برانچوں کے ذریعہ حاصل درخواستوں کو اپنے نوڈل آفس/برانچ کو بڑھا سکتے ہیں وہاں پر درخواستوں کی بنیادی جانچ اور پروسیسنگ کی جائے گی حصولی دفتروں اور دیگر گروپوں (اینٹٹیز) کے سٹیزن چارٹر کے ایک بڑے حصہ کے طور پر درخواستوں کو رکھا جائے گا اور مقررہ وقت کے اندر ان کا نپٹارہ کیا جائے گا۔ان دفتروں/برانچوں میں ان بانڈس کے لئے کس سے رابطہ قائم کرنا ہے اور صارفین کی شکایتوں کا ازالہ کرنے کے طریقۂ کار کے بارے میں یہ دفاتر/برانچیں خوب پبلیسٹی کریں۔اس پر زیادہ توجہ دینا ہوگی۔

2- بانڈس کا الاٹمنٹ اور ''سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ'' کو جنریٹ کرنا:

الاٹمنٹ تاریخ پر ہی ''سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ کو آر بی آئی کے ذریعہ کامیاب مالی تعاون پر جنریٹ کیا جائے گا وہ صارفین جنھوں نے اپنے ای۔میل آئی ڈی دیئے ہیں آٹو جنریٹیڈ ای۔میل کے ذریعہ ان کو بھیج دیئے جائیں گے۔حصولی دفتر آر بی آئی ''ای کبیر'' پورٹل سے ان کو ڈاؤن لوڈ کر کے صارفین کو دے سکتے ہیں۔سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ مجوزہ فارم ''C'' میں 100 جی ایس ایم پیپر س سائز A-4 پر رنگین چھاپ کر دیئے جاسکتے ہیں یہ سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ صرف اس بات کا ثبوت ہیں کہ سرٹیفکٹ ہولڈر ن ساورن گولڈ بانڈس میں انویسٹ کیا ہے۔اس پر کوئی ٹائٹل نہیں ہوگا۔

-3 اسٹاک سرٹیفکٹ کو ڈی میٹ شکل میں یا اس کے اُلٹ تبدیل کرنا۔

3.1 ڈی۔میٹ:

درخواست دہندہ بانڈس میں رقم لگانے کے وقت یا کسی اور وقت اپنے بانڈس کو ڈی میٹ شکل میں بدلنے کی درخواست کرسکتا ہے۔یہ تبدیلی کا طریقۂ کار اس کے ذریعہ دی گئی ساری تفصیل کے صحیح ہونے پر منحصر ہے۔جیسے نام، ڈی پی، آئی ڈی، کلائنٹ آئی ڈی اور ڈپازیٹریز کے ذریعہ کارڈس کی منظوری۔حصولی دفتر کو کافی توجہ دینا ہوگی اور یقین کرنا ہوگا کہ آر بی آئی پورٹل میں درج نام اور ڈپازیٹری کے ریکارڈ میں درج نام میں کوئی فرق نہ ہوں وہ ایک سے ہی ہوں اس معاملہ میں صارف سے کنفرمیشن لینا ہوگا تفصیل اپ لوڈ کرنے سے پہلے۔جب تک ڈی میٹ کرنے کی پروسیس مکمل نہیں ہوجاتی بانڈس آر بی آئی کی کتابوں میں اسٹاک سرٹیفکٹ کی طرح ہی رہیں گے۔

3.2 دوبارہ میٹیریل شکل میں:

کسٹمر ڈپازیٹری شریک کار سے ایک طرح کی درخواست کہ وہ اپنے بانڈس کو مع اس کی تفصیل کے ساتھ فزیکل شکل میں کروانا چاہتا ہوں، کے ساتھ رابطہ قائم کرے گا وہ حصولی دفتر کو مخصوص کرتے ہوئے اپنے بینک اکاؤنٹ کی پوری تفصیل (بینک کا نام، برانچ، اکاؤنٹ نمبر، آئی ایف ایس سی کوڈ اور اکاؤنٹ کا ٹائپ) اس حصولی دفتر جہاں اس نے بانڈس لئے تھے دوبارہ فزیکل شکل میں بانڈس کے لئے کہے گا۔ڈپازیٹری شریک کار کے ذریعہ اس کی درخواست کی بنیاد پر کاغذات ڈپازیٹری تک بھیجے جائیں گے ڈپازیٹری ای۔کبیر پورٹل پر اس کی درخواست لکھے گا (رہنمائی کے لئے ہماری ویب سائٹ پر موجود یوزر مینول دیکھیں) اس دوران ان سیکوریٹیز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔تبدیلی ہونے کے بعد بانڈس آر بی آئی کی کتابوں میں درج کر دیئے جائیں گے۔اس کے بعد بانڈس کی پروسیسنگ سرمایہ کار کے بتائے ہوئے حصولی دفتر کے ذریعہ کی جائے گی۔

-4 بانڈس کی منتقلی:

اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں جاری باڈس میچوریٹی سے پہلے پوری طور پر یا اس کے حصہ کو فارم III میں انسٹرومنٹ کو درج کر گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ، 2006 کے قوانین اور گرنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن کے حساب سے منتقل کئے جاسکتے ہیں۔ڈی میٹ بانڈس کی ملکیت ایکسچینج میں ٹریڈنگ کر کے اور موجودہ پریکٹس کے حساب سے مارکیٹ ٹرانزیکشن سے دوسرے کے نام منتقل کی جاسکتی ہے۔

-4.1 تحفہ یا فروخت کے ذریعہ بانڈس کی منتقلی:

وہ سرمایہ کار جن کے پاس اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں یہ بانڈس ہیں وہ ان بانڈس کو دوسرے اہل ہولڈر کو فروخت کے ذریعہ یا تحفہ کے طور پر ہبہ کرنے کے لئے ''حصولی دفتروں'' سے رابطہ قائم کر کے متعلقہ شخص کو منتقل کر سکتے ہیں۔حصولی دفتر بانڈس میں ہولڈر سے فارم III (اینکزر-II دیکھیں) میں تفصیل بھروا کر گواہوں کے دستخط کے ساتھ حاصل کریں۔حصولی دفتر تفصیل کی سچائی کو کراس چیک کریں گے ان کے پاس موجود ای۔کبیر پورٹل پر جا کر اس کے ریکارڈس سے اعلان کریں گے۔حصولی دفتر منتقل کرنے والے اور جس کے حق میں منتقل ہو رہی ہے دونوں کی کے وای سی کی تصدیق کریں گے اس کے بعد منتقلی کی استدعا کو ای۔کبیر پورٹل کے ذریعہ پروسیس کیا جائے گا۔(رہنمائی کے لئے برائے مہربانی یوزر مینول کا حوالہ بھی لیں)۔اس بات کو نوٹ کیا جائے کہ جی ایس ایکٹ کے سیکشن 9 کے سب سیکشن (4) کی شرائط کے حساب سے بانڈس میں موجودہ اگر کوئی نامینیشن ہے تو وہ منتقلی پر اپنے آپ منسوخ مانا جائے گا۔اگر ٹرانسفری نامینیشن چاہتا ہے تو حصولی دفتر کو ان رہنما خطوط کے پیرا 5 میں طریقۂ کار کو اپناتے ہوئے ضروری قدم اٹھانے ہوں گے۔ایک دوسرا سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ ای۔کبیر پورٹل سے جنریٹ کیا جائے گا اور ٹرانسفری کو جاری کر دیا جائے گا۔اکاؤنٹس کے ٹرانسفر کی وجہ سے سود کی ادائیگی کے شیڈول میں کوئی فرق پڑے گا۔اور ٹرانسفری مقررہ تاریخ پر ہی سود حاصل کرتا رہے گا

-4.2 اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں بانڈس کے کچھ حصہ کو ہی ٹرانسفر کرنا:

کچھ حصہ کو ہی ٹرانسفر کرنے کے معاملے میں اصل سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ کو کینسل کیا جائے گا اور نیا سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ بنایا جائے گا اور ٹرانسفر کرنے والے و جس

کے حق میں ٹرانسفر کیا جا رہا ہے دونوں کو الگ الگ سرٹیفکٹ ہولڈنگ تبدیلی پر اثر انداز ہوئے جاری کیۓ جائیں گے۔

4.3- بانڈس کا اکلوتا مالک یا جوائنٹ ہولڈرس کے فوت ہونے کی شکل میں ساورن گولڈن بانڈ کے ٹائٹل کو تسلیم کرنا جوائنٹ ہولڈر کے سروائیور یا بہت سے وارثوں کے حقوق:

بانڈس کے اکلوتے مالک یا جوائنٹ ہولڈرس میں سے کسی ایک کے فوت ہونے پر سروائیور یا وارثوں کے حق میں ٹائٹل کو تسلیم کرنے کے لئے گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ 2006 کے سیکشن 7 و سیکشن 8 کے قوانین پر انحصار کرنا ہوگا۔ جس کو گورنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن 2007 کے ریگولیشن 7 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے گا۔ یہ نوٹ کیا جائے کہ:

(a) اگر حصول دفتر یا ڈپازیٹری کے ذریعہ کوئی کلیم (دعویٰ) وصول ہوتا ہے تو اس دعویٰ کو جی ایس ایکٹ، 2006 کے سیکشن 7 اور گورنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن، 2007 کے ریگولیشن 6 کے ضابطہ میں کلیم اس کے اطمینان ہونے، قانونی حیثیت و اس کے اصلی ہونے پر منحصر ہے۔ اس بات کا بھی اطمینان کرنا ہوگا کہ کوئی دوسرا دعویدار نہیں ہے اور جمع کئے گئے سبھی دستاویز یا ڈکلریشن اگر ضروری ہو، مانگا جا سکتا ہے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو دعویدار سے اتنی رقم کا انڈیمنٹی بانڈ بھی بھروایا جا سکتا ہے۔

(b) شک ہونے پر معاملہ کو پی ڈی او ممبئی کو حصولی دفتر/ ڈپازیٹری کے ذریعہ بھیجا جا سکتا ہے۔ اسٹاک سرٹیفکٹ کے شکل میں بانڈس کو دعویدار کے نام کرنے کے لئے ای۔کبیر پورٹل کا سہارا لینا ہوگا۔ (رہنمائی کے لئے ہماری ویب سائٹ پر موجود یوزر مینول کا حوالہ دیں)۔

5- نامینیشن (نامزدگی):

بانڈس میں نامزدگی اور اس کی منسوخی گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ، 2006 (2006 کا 38) کے سیکشن 9 جس کو گورنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن، 2007 کے چیپٹر III کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق ہی کی جاتی ہے۔ نامزدگی صارف بانڈس میں سرمایہ کاری کے وقت یا بعد میں بھی کر سکتا ہے (مجوزہ فارم VI ہے) صارف کو اجازت ہے کہ وہ ایک یا زیادہ بھی نامزدگیاں کر سکتا ہے (صرف 2 تک) نامزدگی کی سہولت مائنر (نابالغ) کے نام سے بانڈس خریدنے میں نہیں دی جا سکتی۔

5.1- اگر ساورن گولڈ بانڈس ہولڈر موجودہ نامنی کو منسوخ کرنا چاہتا ہے تو وہ فارم VII میں تفصیل درج کرے گا اس کی جانچ کے بعد دیکھا جائے گا کہ:

(i) فارم میں ساورن گولڈ بانڈ کے سبھی اندراج صحیح ہیں اور (ii) نامنی کے نام فارم میں صحیح صحیح بھرے ہیں۔

5.2- اگر صارف جس نے بانڈس میں ایک نامنی نام دیا ہوا ہے اور وہ اس میں ایک اور نام کا اضافہ چاہتا ہے تو اس کو دوسرا فارم III بھر کر جمع کرنا ہوگا اس فارم کو ویسا ہی چیک کیا جائے گا جیسا کہ پہلے نامینیشن کے وقت کیا گیا تھا۔

اگر بانڈس بانڈس اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں ہیں تو حصولی دفتر ایسی درخواستوں کو ای۔کبیر پورٹل (منسوخی/ اضافت) میں درج کرے گا اس بات کا اطمینان کرتے ہوئے کہ ساری تفصیل صحیح ہے (رہنمائی کے لئے یوزر مینول دیکھیں)۔

5.3- نامنی/ نامنیز کی طرف سے دعویٰ (کلیم):

بانڈ ہولڈر کے انتقال کے بعد نامنی کے ذریعہ ادائیگی کے دعوے کو گورنمنٹ سیکوریٹیز سرٹیفکٹ، 2006 کے سیکشن 9 جس کو گورنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن، 2007 کے چیپٹر III کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت تسلیم کیا جا سکتا ہے اگر ایک مرتبہ حصولی دفتر/ ڈپازیٹری کو دعویٰ کی درخواست حاصل ہوتی ہے، معاملہ جیسا بھی ہو، اس دعویٰ کو جی ایس ایکٹ، 2006 کے سیکشن 9 اور گورنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن، 207 کے چیپٹر III کے تحت دی ہوئی ہدایات کے مطابق، مطمئن ہونے، اس کی قانونی حیثیت اور اصلی ہونے پر دعویٰ نپٹانے کا عمل شروع ہوگا۔ ان بانڈس کے معاملہ میں یہ بھی دیکھا جائے گا کہ کوئی دوسرا دعویدار تو نہیں ہے اور جمع کئے گئے سبھی دستاویز صحیح ہیں، دعویٰ تسلیم کر لیا جائے گا۔

اس مقصد کے لئے اگر کسی اور دستاویز یا ڈکلریشن کی ضرورت ہو تو وہ بھی دعویدار سے مانگے جائیں گے۔ دعویدار کو اتنی رقم (دعویٰ کی رقم) کا انڈیمنٹی بانڈ بھرنا ہوگا اگر دعویٰ ہر طریقہ سے آرڈر میں ہے تو نامنی کا نام متوفی بانڈ ہولڈر کی جگہ لکھ دیا جائے گا اور موزوں اختیار کے ساتھ ایک نیا سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ نامنی کو جاری کر دیا جائے گا۔

شک وشبہ ہونے پر معاملہ کو پی ڈی او ممبئی حصولی دفتر/ ڈپازیٹری کے ذریعہ ارسال کر دیا جائے گا۔

6- بانڈس کے برخلاف قرض حاصل کرنا، گروی رکھنا یا ضمانت لینا وغیرہ:

بانڈس کوگروی رکھنا، ضمانت لینا، یا اس کے برخلاف قرض لیناوغیرہ گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ، 2006 کے سیکشن 28اور گورنمنٹ سیکرریٹیز ریگولیشن ، 2007 کے چیپٹر VIII کے تحت عمل پیرا ہو سکتے ہیں۔ان بانڈس کو کولیٹرل سیکوریٹی ( تھرڈ ،سیکنڈ ضمانت ) کے طور پر بھی کسی قرض کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(i) ان بانڈس کے برخلاف قرض کی لمٹ گولڈلون کے برخلاف لمٹ کی برابر ہی لاگو ہوگی۔

(ii) اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں بانڈس کو گروی رکھنے یا ضمانت کے طور پر استعمال کرنے پر بینکیں ان بانڈس کے برخلاف کسی قسم کا قرض جی ایس ایکٹ، 2006 کے سیکشن 28 اور جی ایس ریگولیشن، 207 کے چیپٹر VII میں درج ہدایات کے مطابق قرض دیں گی اور گروی وضمانت کے بارے میں اسٹاک سرٹیفکٹ پر اس کودرج کیا جائے گا۔اس کے لئے بھی ای۔کبیر پورٹل کا سہارا لینا ہوگا ( رہنمائی کے لئے ہماری ویب سائٹ کے یوزر مینول کا حوالہ لیں )۔

(iii) . ہنگامی حالات میں بینک سے گروی، ضمانت ختم کرنے کی التجا کرنے پر بانڈس کے ٹرانسفر کی درخواست کو پی ڈی او ممبئ میں پیش کرنا ہوگا۔ای۔میل کے ذریعہ یہ التجا گورنمنٹ سیکوریٹیز ریگولیشن ، 2007 کے ریگولیشن 21 اور چیپٹر VII کی ہدایات کیمطابق ہوساتھ ہیاضافی دستاویزی ثبوت بشمول کورٹ آرڈر وغیرہ جمع کرنا ہوں گے ڈی میٹ بانڈس کے معاملہ میں ڈپازیٹری میں ضمانت درج کرنا ہوگی جیسے کہ دیگر اسٹاک سرٹیفکٹ اور شیئرس کے معاملہ میں پریکٹس ہے جب کہ وہ سرٹیفکٹ بینک کے ذریعہ تھرڈ پارٹی ضمانت کے طور پر طریقہ کار اپنایا جاتا ہے۔استحقاق ( حق ) کی تفصیل کو بانڈس پر مارک کر کے ڈپازیٹریز کے ذریعہ ای۔کبیر پورٹل کی سہولت سے آر بی آئی کو اپ لوڈ کر دیا جاتا ہے۔

7- سود کی ادائیگی:

ان بانڈس پر سود کی ادائیگی ( سود جو بھی لاگو ہو ) چھ ماہی کی بنیاد پر ہوگی۔سود کی رقم ریزروبینک کے ذریعہ بانڈس ہولڈر کے بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کی جائے گی ۔( ریزروبینک کے ریکارڈس میں درج تفصیل کے مطابق )۔سود جیسے ہی ڈیو ہوگا الیکٹرانک ذرائع سے رقم کریڈٹ کی جائے گی۔اگر بانڈس ڈی میٹ شکل میں ہیں تو سود کی ادائیگی ڈپازیٹریز کے ذریعہ تقسیم کی جائے گی۔ وہی بانڈ ہولڈر کے بینک اکاؤنٹ میں الیکٹرانک طریقہ سے (ان کے ریکارڈس میں درج تفصیل کے مطابق ) کریڈٹ کردی جائے گی۔

8- بانڈس کی رقم کی واپس ادائیگی:

بانڈس کی آٹھ سال کی مدت پوری ہونے پر ( یہ مدت بانڈس جاری ہونے کی تاریخ سے 8 سال مکمل ہونے پر ) بانڈس کی پوری قیمت واپس کردی جائے گی۔انویسٹرس کے ذریعہ اس مقصد کے لئے ریزروبینک سے دعویٰ پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

بانڈس کے پری میچور چھوٹ کاٹنے کے بعد، کا پیمینٹ بانڈ جاری ہونے کی تاریخ سے 5 سال بعد جب سود ڈیو ہوتا ہے تو ادا کرنے کی اجازت ہے۔ پری میچور پیمنٹ لینے کے لئے چھوٹ کے ساتھ درخواست حصولی دفتر/ ڈپازیٹری کے سامنے اگلے سود کی ادائیگی سے کم ازکم 10 دن پہلے اپنے ڈی پی کے ذریعہ ( ڈیمیٹ سیکوریٹی کے معاملہ میں ) دینا ہوگی۔ اگر حصولی دفتر/ ڈپازیٹریز یا ڈپازیٹری شریک کار کچھ اور دستاویز مانگتا ہے تو وہ جمع کرنا ہوں گے چاہے وہ کے وائی سی ہو یا ڈکلریشن وغیرہ ۔درخواست جانچ گہرائی سے کی جائے گی اور اس کی تفصیل کی تصدیق کے بعد ہی ای۔کبیر پورٹل کے ذریعہ کم ازکم 4 دن پہلے ریزروبینک کو پیش کرنا ہوگی ( سود کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے ) یہ چار دن کا وقت ان بانڈس کے لئے جو پری میچور بانڈس پیمنٹ کے لئے ہوں، پر لاگو ہوگا۔میچوریٹی یا پری میچور ریڈیمیشن ، معاملہ جو بھی ہو، بانڈس کو انڈین روپئے میں بدلا جائے گا یہ ریڈیمیشن قیمت اس سے پہلے ہفتہ میں 999 خالص گولڈ کی قیمت کی اوسط قیمت کی بنیاد پر طے کی جائے گی۔گولڈ کی قیمت انڈین بینکیں اور جویلرس ایسوسی ایشن لمیٹیڈ کے ذریعہ ( دوشنبہ سے جمعہ ) پبلش کی جاتی ہے۔ریڈیمیشن قیمت صارف کے بینک اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردی جائے گی۔

9- پیمنٹ آف بروکریج:

حصولی دفتر گولڈ بانڈس میں سرمایہ کاری میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو شامل کرنے کے لئے اپنے طور پر ایجنٹ مقرر کر سکتے ہیں۔اپنے ایجنٹوں کو اایک روپیہ فی سو روپیہ کے حساب سے حصولی دفتروں کے ذریعہ حاصل کل رقم پر دیا جائے گا۔درخواستوں کے حصول پر کل چندہ ( رقم ) پر ایجنٹ کو ملنے والی رقم کا %50 کمیشن، ایجنٹ یا سب ایجنٹ کو ان کی محنت کے بدلے دینا ہوگا۔

10- ایڈریس میں تبدیلی، نام کو صحیح کرنا، اکاؤنٹ نمبر تبدیل کرنا اور مختلف استدعائیں اگر بانڈس اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں ہوں۔

اگر بانڈس اسٹاک سرٹیفکٹ کی شکل میں ہوں تو صارف کی طرف سے سادے کاغذ پر سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ کے ساتھ حصولی دفتر ای۔کبیر پورٹل کے ذریعہ ان کے

اندراج سے مطمئن ہونے کے بعد پروسیس کرے گا۔

حصولی دفتر اگر ضروری سمجھے تو اضافی دستاویز کے لئے بول سکتا ہے۔حصولی دفتر کے ذریعہ بتائی ہوئی تبدیلی کے لئے آر بی آئی کے ای۔کبیر پورٹل میں جا کر ایسا کیا جا سکتا ہے۔

11- ریکارڈس کا تحفظ:

درخواست فارم و دیگر استدعائیں حصولی دفتر/ڈپازیٹری شریک کار کے ذریعہ بانڈ کی میچوریٹی تک محفوظ رکھی جائیں گی۔ پری میچور ریڈیمپشن درخواستوں کو پروسیٹس کے پیمنٹ کے تین سال تک کے لئے محفوظ رکھا جائے گا۔

12- یہ طریقۂ کار کے رہنما خطوط ریزرو بینک نے گورنمنٹ سیکوریٹیز ایکٹ، 2006ء سیکشن 29 کے سب سیکشن (2) میں حاصل اختیارات کے تحت جاری کئے ہیں۔اوران کی طرف سے حاصل اختیارات اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ اگر ان رہنما خطوط پر عمل نہیں کیا گیا تو ایکٹ کے سیکشن 30 کے تحت عدم تعمیل پر مالی جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

اینکزر۔II

## سرٹیفکٹ آف ہولڈنگ

## فارم 'سی'

## گورنمنٹ آف انڈیا

## ساورن گولڈ بانڈ۔سیریز

میں۔۔۔۔۔۔۔۔یہ تصدیق کرتا ہوں کہ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔محترم/محترمہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یونٹ ساورن گولڈ بانڈ سیریز/کل بنیادی سرمایہ کار روپئے۔۔۔۔۔۔۔۔کے رجسٹرڈ مالک ہوں۔ساورن گولڈ بانڈ پر سود۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فی سال کل سرمایہ پر روپیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چھ ماہی کے وقفہ پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سالانہ دیا جائے گا۔بانڈس تاریخ پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ریڈیم کے قابل ہوں گے اس آپشن کے ساتھ وقت سے پہلے ادائیگی پانچویں سال ہوگی جو سود کی ادائیگی کی تاریخ ہوگی۔

درخواست کا حصولی دفتر

یہ سسٹم جنریٹیڈ سرٹیفکٹ ہے اس پر کسی کے دستخط کی ضرورت نہیں ہے۔

## فارم III

(ریگولیشن (c)(1) اور (21) دیکھیں)

### اسٹاک سرٹیفکٹ کی منتقلی (ٹرانسفر)

میں/ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(منتقل کرنے والا) اپنے ہوش وہواس میں تفویض کرتا ہوں اور منتقل کرتا ہوں میرے/ ہمارے مفاد اور شیئر جو ساورن گولڈ بانڈ کی شکل میں ہیں جن کا نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور قیمت روپیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جو کہ اسٹاک کی کل رقم/اس کے جز کی رقم روپیہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے جو کہ اُس کے انسٹرومنٹ پر درج ہے اور ساتھ ہی اُس پر حاصل سود کی رقم کو بھی جو اس پر واجب ہوتی ہے ٹرانسفری کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو اُس کے وکیل کو سونپتا ہوں اور تفویض کرتا ہوں اور میں/ہم ان ساورن گولڈ بانڈ نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو جو ہم کو منتقل کئے گئے ہیں منظور کرتا ہوں۔

میں/ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ٹرانسفری (جس کے حق میں منتقل ہوئے ہیں) درخواست کرتا ہوں کہ ان ساورن گولڈ بانڈس نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو جو کہ میرے نام منتقل ہو چکے ہیں، کو میرے نام رجسٹر کر لیا جائے اور میرا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس میں درج کیا جائے۔

@- میں/ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ٹرانسفر کا نام درخواست کرتے ہیں مندرجہ بالا ٹرانسفری کے حق میں ان ساورن گولڈ بانڈس کو جو ان کے نام منتقل کئے جا چکے ہیں نام ٹرانسفری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مندرجہ بالا اسٹاک سرٹیفکٹ جو کہ کسی دوسرے کے نام منتقل نہیں کئے گئے ہیں۔ وہ میرے / ہمارے نام ریونیو کر دیئے جائیں۔

گواہ کے طور پر ہم نے اپنی قلم سے آج۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تاریخ دو ہزار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ٹرانسفر کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جن کے سامنے منتقل کئے گئے گواہوں کے نام | ٹرانسفر کے دستخط<br>پتہ |
| ٹرانسفر کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جن کے سامنے منتقل کئے گئے گواہوں کے نام | ٹرانسفری کے دستخط |

ٹرانسفر رو ٹرانسفری کیطرف سے دو دو الگ الگ گواہ ہونا چاہئے۔

@- اس پیراگراف کا استعمال اس وقت کیا جائے گا جب کہ سرٹیفکٹ کا کچھ حصہ ٹرانسفر کیا جائے۔

ٹرانسفرڈ (منتقل کئے گئے)

ساورن گولڈ بانڈ سرٹیفکٹ جو جاری کئے گئے نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تاریخ

منیجر درخواست حاصل کرنے والا دفتر

فارم-VI

(ریگولیشن 7 دیکھیں)

# نامنیشن (نامزدگی)

میں/ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(نام اور پتہ)،
ہولڈر ساورن گولڈ بانڈ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔قرض کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے ہوش و ہواس میں مندرجہ ذیل شخص /اشخاص کو نامزد کرتا ہوں جو میرے/ہمارے فوت ہونے پر گورنمنٹ سیکورٹیز/یا نڈس کے مالک/مستحق ہوں گے اور مندرجہ ذیل گورنمنٹ سیکورٹیز/بانڈ سپرڈیو وقت میں ملنے والی رقم کو حاصل کرنے کے حق دار ہوں گے۔

نامزد شخص کی تفصیل:

| اجراء کی تاریخ | رقم (روپیہ) | رقم واپسی کی تاریخ | نامزد شخص کا پورا نام چھوٹا نام و پتہ | اگر نامزد شخص نابالغ ہے تو اس کی تاریخ پیدائش | بانڈس ہولڈر سے رشتہ | بینک اکاؤنٹ کی تفصیل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |

اگر نامنی مائنر ہے تو بھرا جائے۔نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اوپر بتایا ہوا نامنی آج کی تاریخ میں مائنر ہے۔

لہٰذا میں/ہم مقرر کرتے ہیں اس کا سرپرست جناب/شریمتی/کماری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو مندرجہ بالا ساورن گولڈ بانڈ/بانڈس پر وقتاً فوقتاً ڈیو ہونے والی رقم کو حاصل کرنے کے لئے اور میری موت اگر میرے ذریعہ نامزد شخص کے مائنر ہونے کے دوران ہی ہو جاتی ہے نامنی کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تو یہ سرپرست رقم حاصل کرنے کا اہل ہوگا۔

اگر پہلے سے ہی ایک اور شخص کو نامنی بنایا گیا ہے: یہ نامزدگی تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر میرے/ہمارے ذریعہ نامزد شخص کے بدلے مانی جائے گی جو کہ آپ کی کتابوں میں درج ہے اس کوئی نامزدگی کا رجسٹریشن ہونے پر پہلے کا نام منسوخ سمجھا جائے۔

جگہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ساورن گولڈ بانڈ ہولڈر کے دستخط

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بی ایل اے ہولڈر کے دستخط

دو گواہوں کے دستخط اور ان کے پتہ

1- ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2- ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# اکنالجمنٹ (رسید)

ہم نے آپ کے ذریعہ بتائے گئے شخص کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نامنی کے طور پر رجسٹرڈ کرلیا ہے۔ساورن گولڈ بانڈ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے لئے قرض کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور نامنیشن نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

برائے مہربانی نامنیشن کی منسوخی یا تبدیلی کے لئے کی جانے والی خط و کتابت میں نامنی کا رجسٹریشن نمبر ضرور لکھیں۔

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اتھرائزڈ افسر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فارم-VII
ریگولیشن 7 دیکھیں

# نامینیشن کی منسوخی

میں/ہم ـــــــــــــــــــ نام و پتہ اپنے پورے ہو و ہواس میں بنائے ہوئے نامینیشن تاریخ ـــــــــــــــــــ جو کہ مندرجہ ذیل ساورن گولڈ بانڈ نمبر ـــــــــــــــــــ اور پی ڈی او/ ایجنسی بینک کی برانچ پر تاریخ ـــــــــــــــــــ پر رجسٹریشن نمبر ـــــــــــــــــــ کے ذریعہ کو منسوخ کرتا ہوں۔

## اسٹاک سرٹیفکٹ/ بانڈس کی تفصیل

| اجراء کی تاریخ | لون کا نامن کلیچر | اسٹاک سرٹیفکٹ/ بی ایل اے نمبر | رقم<br>روپیہ |
|---|---|---|---|
| | | | |

جگہ ـــــــــــــــــــ

تاریخ ـــــــــــــــــــ

اسٹاک سرٹیفکٹ ہولڈر/
بی ایل اے ہولڈر کے دستخط

دونوں گواہوں کے دستخط و پتہ

-1 ـــــــــــــــــــ

-2 ـــــــــــــــــــ

## اکنالجمنٹ (رسید)

ہم نے آپ کے ذریعہ بتائے گئے نامزد شخص ـــــــــــــــــــ کا نام ساورن گولڈ بانڈ نمبر ـــــــــــــــــــ میں قرض ک حصول کے لئے جو کہ ہمارے نامینیشن رجسٹریشن نمبر ـــــــــــــــــــ پر درج ہے۔

تاریخ ـــــــــــــــــــ

اتھرائزڈ افسر